# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو شاعری (5607) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر1- ولی کی غزل ان کے تصورحسن وعشق کا آئینہ ہے۔تبصرہ کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2- سودا،اردوغزل گوئی میں اپنا خاص رنگ وآہنگ رکھتے ہیں،جس میں ان کا کوئی مقابل نہیں ہے۔تائید یا تردید کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3- صوفیانہ شاعری میں جو امتیازی حیثیت میر درد کو میسر آئی وہ محض اُن ہی کا حصہ ہے۔آپ کی کیا رائے ہے؟ (20)

سوال نمبر4- آتش کو دلی یا لکھنو میں سے کس دبستان کا نمائندہ شاعر قرار دیا جاسکتا ہے؟مدلل بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5- غزل اردو شاعری کی مقبول صنف ہے۔مثالوں سے واضح کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر1- مصحفی کی شاعری میں داخلیت کا عصر کس حد تک نمایاں ہے؟وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2- حالی کی قدیم غزلیں کن خصوصیات کی حامل ہیں؟تفصیل سے جواب دیجیے اور نمونے کے طور پر اشعار بھی پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3- حسرت موہانی کی شاعری میں ایک سیاسی مجاہد کا پرتو پایا جاتا ہے۔ان کے کلام کی روشنی میں اس بیان کا تجزیہ کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4- مومن اپنے جداگانہ رنگ تغزل کی بدولت اپنے عہد میں ممتاز و منفرد تھے۔تبصرہ کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5- سحرالبیان مثنوی کی تمام خصوصیات کو پورا کرتی ہے۔تبصرہ کیجئے۔ (20)